سوال

زائش 2992ب

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مولانا محمد اسماعیل شہید نے اپنی کتاب تقویت الایمان فصل پہلی فی الاجتناب عن الشرک لکھا ہے۔ کہ ہر مخلوق چھوٹا ہو یا بڑا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ کیا اس ''ہر مخلوق'' کے لفظ انبیاء کرام واصحاب عظام واولیاء زی شان داخل ہیں یا نہیں؟ اگر داخل ہیں تو اس سے اہانت انبیاء علیہ

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہی عبارت سامنے رکھی جائے۔ تو معنی صحیح ہوتے ہیں۔ مولانا فرماتے ہیں خدا کے ساتھ شرک کرنا ایسا ہے۔ جیسا کسی بادشاہ کا تاج اس کی رعیت میں سے چمار کے ساتھ رکھ دینا۔ یہ نسبت فرماتے ہیں۔ سب مخلوق چھوٹی اور بڑی خدا کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔ یعنی چمار بادشاہ کی شان کے

اس کلام ہدایت التیام سے حضرات انبیاء کرام اور اولیاء عظام کی توہین یا منقصت منظور نہیں۔ بلکہ شان خدا ارفع بتانی مقصود ہے۔ وانہ تعالی جد ربنا کے یہی معنی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص294

محدث فتویٰ